ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(109)

مورخہ 27.02.24

**بہاول پور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 06 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ قائم پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 03 ملزمان وسیم علی، ناصر عباسی اور عجیب خان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 78 لیٹر شراب برآمد کرلیں۔اسی طرح تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے منشیات فروشی کے مرتکب 01 ملزم عرفان کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1320 گرام چرس برآمد کرلی۔جبکہ تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 02 ملزمان محمد خان اور احمد علی کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 01 عدد پسٹل 9mm اور 01 عدد پسٹل 30 بور برآمد کرلیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے  پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(110)

27.02.24

**بہاول پور(             )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،تھانہ چنی گوٹھ پولیس کی قمار بازی ایکٹ کے تحت کارروائی،07 ملزمان کو داو پر لگی رقم سمیت گرفتار کرلیا،ملزمان پابند سلاسل۔**

**معاشرتی برائیوں کا خاتمہ ہی ایک پرامن معاشرے کی ضمانت ہے،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیوں کے احکامات کے تحت تھانہ چنی گوٹھ پولیس نے قمار بازوں کے خلاف کامیاب کارروائی کرتے ہوئے موضع چک کہیل فصل گندم میں چھپ کر جوا کھیلنے میں مصروف 07 ملزمان یعقوب،شریف، اقبال،عباس، بلال، امجد اور جاوید کو گرفتار کرلیا۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے داو پر لگی رقم اور تاش کے پتے قبضہ پولیس میں لے لئے۔گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا انہوں نے مزید کہا کہ معاشرتی برائیوں کا خاتمہ ہی ایک پرامن معاشرے کی ضمانت ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،تھانہ چنی گوٹھ پولیس کی قمار بازی ایکٹ کے تحت کارروائی، متعدد جواری داؤ پر لگی رقم سمیت گرفتار